جناب مہتمم صاحب مدظلہ اپنی مشہور فیاضی سے کام لیکر اب کئی سال سے سالانہ امتحانوں کی طرح سہ ماہی اور ششماہی جیسے جزوی امتحانوں میں بھی انعامات تقسیم کرتے ہیں اور بیٹے کی طرح طلبہ پر شفقت اور اپنی سخاوت کی دریا دلی سے ان میں شوقِ محنت و ذوقِ لیاقت پیدا کرنے کا سامان بہم پہنچاتے ہیں۔ چنانچہ اس امتحان میں حسب ذیل امتیازی طور پر کامیاب طلبہ کو نقدی انعام دیئے گئے۔

مولوی نظہر الحسن سہوانی متعلم جماعت ہشتم کو اپنی جماعت میں اول آنے پر دو دو روپیہ۔ مولوی عبدالجلیل بستوی متعلم جماعت ہفتم کو اپنی جماعت میں اول آنے اور جوابات میں اسلوب بیان کی خوبی سے بہت زیادہ نمبر لینے پر پانچ روپیہ۔ مولوی احسان اللہ جماعت ششم۔ مولوی محمد اسمٰعیل متعلم جماعت پنجم۔ مولوی عبدالشکور متعلم جماعت چہارم۔ مولوی عبداللہ پنجابی متعلم جماعت سوم کو اپنی اپنی جماعتوں میں اول آنے پر دو دو روپیہ۔ مولوی عبدالرحمن مدراسی متعلم جماعت دوم کو اپنی جماعت میں اول اور مدرسہ بھر میں اول آنے پر سات روپیہ۔ مولوی عبدالشکور گیادی متعلم جماعت اول اور مولوی بشیر احمد متعلم جماعت ادنیٰ کو اپنی اپنی جماعتوں میں اول آنے پر حسب معمول دو دو روپیہ دیئے گئے۔ کل مبلغ ۲۲ روپیہ انعام میں تقسیم ہوئے۔

## سہ ماہی انتخاب

مورخہ ۱۳ محرم الحرام مطابق ۱۸ اپریل پنجشنبہ کو جمعیۃ الخطابہ کے ہر دو شعبوں کا سہ ماہی انتخاب عمل میں آیا جس میں حسب ذیل طلبہ مختلف عہدوں کے لئے منتخب ہوئے۔ اور گذشتہ سہ ماہی کے عہدیداران کا شکریہ ادا کیا گیا۔

صدارت ہر دو شعبہ ——— بدستور قدیم

ناظم شعبۂ اول :۔ مولوی عبدالجلیل متعلم جماعت سابعہ

نائب ناظم شعبہ اول:۔ مولوی ابوالخیر " " رابعہ

ناظم شعبۂ دوم :۔ مولوی حمید اللہ " " ثالثہ

نائب ناظم شعبۂ دوم:۔ مولوی عبدالعزیز " " ثانیہ

منصرین شعبۂ اول :۔ مولوی محمد امین شوق۔ مولوی عبدالوالی۔ مولوی عبدالغفور۔ متعلمان جماعت خامسہ و رابعہ

منصرین شعبۂ دوم :۔ مولوی تحصیل احمد۔ مولوی نورالحق۔ مولوی دوست محمد متعلمان جماعت ثانیہ۔ اول۔ ادنیٰ۔

## گذارشات

ناظرین! ہمیشہ پیسہ والے ٹکٹ بھیجا کریں۔ خط و کتابت میں خصوصاً دوسرے سال کیلئے ٹکٹ بھیجتے وقت خریداری چٹ نمبر ضرور لکھیں۔ پتے بہر حال اردو یا انگریزی صاف اور واضح لکھا کریں۔ تبدیل پتہ کا سلسلہ اب بند کر دیا گیا ہے۔ بیرنگ خطوط ہرگز نہ بھیجیں۔ استفتا بھیجتے وقت جواب کیلئے علیحدہ ٹکٹ ارسال کیا کریں۔

(مدیر)